21/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔۔عمر مختار

راجناتھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج جرمنی کے تین روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ جہاں وہ بھارت اور جرمنی کے درمیان دفاعی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر وہاں کی قیادت کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔اس کے علاوہ باہمی رشتوں کومزید مستحکم بنانے پر بھی طرفین کے ما بین بات چیت ہوگی ۔

سول سروسز

آج سول سروسز کا قومی دن منایاجا رہاہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد ملک کے انتظامی معاملات میں سول سروسز کے افسران کے رول کو اجاگر کرنا ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس دن کے موقعے پرسول سروسز افسرونکو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ جموں کشمیر میں سرکاری معاملات کو احسن طریقے پر انجام دینے کیلئے سول سروسز افسران بنیادی رول اد ا کرتے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل گورننس کی بدولت انتظامیہ کے کام کاج میں شفافیت آنے کے علاوہ پبلک سروس ڈیلوری سسٹم میں بھی کافی بہتری آئی ہے ۔ ان باتوں کا اظہار چیف سیکریٹری نے کل جموں میں نیشنل انفو ٹیکس Tech-Saksahan سینٹر اور منسٹری آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب سے کے موضوع پر ورکشاپ کے دوران کیا۔ چیف سیکریٹری نے ڈیجیٹل پلیٹ فارموں پر زور دیاکہ وہ مقامی زبانوں میں اپنی خدمات دستیاب رکھیں تاکہ سماج کا ہر طبقہ اس سے مستفید ہو سکے ۔

حج

سرینگر ہوائی اڈے سے عازمین حج کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جاری ہے ۔ اس تعلق سے جموں کشمیرسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

جاوید اقبال

جنوبی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس شیخ جاوید اقبال متو نے اونتی پورہ میں افسران کی ایک میٹنگ میں جرائم سے نپٹنے کی صورتحال، مقدمات کی تفتیش، این ڈی پی ایس معاملات اور انسدادی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوں نے پیشہ ورانہ پولیسنگ، عوامی تعاون اور فعال اقدامات کی اہمیت پر زور دیا تاکہ امن و استحکام کو برقرار رکھا جا سکے۔

سرینگر

سرینگر کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی نے ضلع پولیس سری نگر کی ایک جامع کرائم ریویو میٹنگ میں ضلع سری نگر کے مجموعی جرائم کے منظرنامے کا تفصیلی جائزہ لیا۔

میٹنگ میں یو اے پی اے ایکٹ، این ڈی پی ایس ایکٹ اور عمومی جرائم کے زمرے میں درج مقدمات کی تفتیش اور پیروی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بڈگامDC

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے کل ضلعے کے پار نیو ہ علاقے میں ایک پبلک دربار کا اہتمام کیا جس دوران مقامی آبادی نے ڈپٹی کمشنر کو ان کو درپیش مشکلات کے بارے میں جانکاری دی ڈپٹی کمشنر نے لوگونکو یقین دلایاکہ ان کو در پیش مشکلات کو متعلقہ محکموں تک پہنچایا جائے گا ،تاکہ ان کا جلد از جلد ازالہ ممکن ہو سکے۔

اسی دوران ڈپٹی کمشنر نے دودھ پتھری کو مزید جاذب نظر بنانے کے سلسلے میں کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں ایک میٹنگ میں جائزہ لیا

اننت ناگ

کی سہولیات فراہم کئے جانے کے بعد اسپتال کےCath Lab حکومت کی جانب سے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں کئے ہیں۔ جن میں سے Procedure شعبے سے وابستہ ڈاکٹروں نے پچھلے 9مہینے کے دوران تین ہزار کے قریب مختلفCardiology بھی شامل ہیں۔Procedure ایک ہزار کے قریب کرٹیکل لائف سیونگ

کپواڑہDC

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے کل ضلع میں جاری زراعت سینسس کے تیسرے مرحلے کاجائزہ لیا۔

، ویریفکیشن اور ڈیجٹائزیشن کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔ Data Collection میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر کو اب تک ہوئی ڈپٹی کمشنر نے افسروں پر زور دیاکہ وہ سینسس کے دوران محنت و لگن کے ساتھ ساتھ صاف و شفاف طریقے سے اسے مکمل کریں ۔

گاندربل

پولیس نے ضلع انتظامیہ گاندربل کے ساتھ مل کر"نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان" کے تحت ایک پد یاترا کا انعقاد کیایہ ریلی منی سیکرٹریٹ گاندربل سے شروع ہو کر قمریہ پارک پر اختتام پذیر ہوئی۔

پرنسپل سیکرٹری ثقافت برج موہن شرما کی قیادت میں نکالی گئی اس ریلی میں طلبہ، نوجوانوں، سول سوسائٹی کے اراکین اور دیگر افراد نے شرکت کی۔

بانڈی پورہ

سیریز کے دوسرے ایڈیشن کاDosti Discussion نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے کل انعقاد کیا، جس کا مقصد منشیات کے بڑھتے رجحان سے نمٹنے کے لیے کھلے مکالمے اور عوامی شمولیت کو فروغ دینا تھا۔

پروگرام میں طلبہ اور اساتذہ نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

-